14030 ـ زيرناف بال مونڈنے اورناخن تراشنے کا روزے کے ساتھ کوئي تعلق نہيں

سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ روزہ دار ناخن نہیں کاٹ سکتا یا اسے زیرناف بال صاف نہیں کرنے چاہییں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

یہ کوئي ایسے اعمال نہیں جوروزے دار کے لیے ہی واجب نہیں ، اور نہ ہی ان اعمال میں شامل ہیں جوروزے کے منافی ہوں ، بلکہ روزے دار توکھانے پینے ، اورجماع ، سے رکے گا کیونکہ یہ کام روزے کو فاسد کردیتے ہیں ، اور اسی طرح ہر قسم کے گناہ اوربرے کاموں اورچغلی وغیبت سے باز رہے گا کیونکہ یہ سب کام روزے میں نقص پیدا کرتے ہیں ۔

لیکن ناخن کاٹنا اورزیرناف بال صاف کرنا تو ایک فطرتی کام ہے جس کے لیے شارع نے وقت مقرر کیا ہے کہ یہ چالیس دن سے زیادہ نہیں رکھے جاسکتے ، اوران کا روزے کے صحیح ہونے کے ساتھ کوئي تعلق نہیں ہے ۔

واللہ اعلم .